PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/CIR/09-2026/836 تاریخ: 07 ستمبر 2026

محترم پیف پارٹنرز

عنوان: عالمی یومِ خواندگی (International Literacy Day) کے موقع پر لڑکیوں اور خواتین کی خواندگی کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی مہم

السلام علیکم!

تعلیم اور خواندگی خواتین اور لڑکیوں کی ترقی، خود اعتمادی، آگاہی، بہتر فیصلہ سازی اور معاشرتی و معاشی شمولیت کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہیں۔ ایک تعلیم یافتہ لڑکی نہ صرف اپنے لیے بلکہ اپنے خاندان، معاشرے اور آنے والی نسلوں کے لیے بھی مثبت تبدیلی کا ذریعہ بنتی ہے۔ جب ہم ایک لڑکی کو تعلیم دیتے ہیں تو ہم اس کے لیے مواقع کے دروازے کھولتے ہیں۔ جب ہم ایک عورت کو پڑھنے اور سیکھنے کا موقع دیتے ہیں تو ہم ایک خاندان کو مضبوط بناتے ہیں، اور جب خواتین اور لڑکیاں تعلیم یافتہ ہوتی ہیں تو اس کے مثبت اثرات نسلوں تک پہنچتے ہیں۔

حکومتِ پنجاب کے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے 8 ستمبر 2026 کو عالمی یومِ خواندگی کے موقع پر "لڑکیوں اور خواتین کی خواندگی کی اہمیت" کے موضوع پر آگاہی مہم چلائی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں تمام پیف پارٹنر سکولز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس مہم میں بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں اور اس دن کے حوالے سے تمام پارٹنر سکولز درج ذیل سرگرمیوں کا انعقاد کریں:

1. طالبات، والدین اور اساتذہ کے لیے خواندگی کی اہمیت پر سیمینارز اور آگاہی سیشنز کا انعقاد کریں۔
2. اسمبلی، کلاس رومز یا خصوصی پروگرامز میں مذاکرے، تقاریر اور لیکچرز کا اہتمام کریں۔
3. کمیونٹی اور والدین کی شمولیت کے ساتھ آگاہی پروگرامز کا انعقاد کریں۔
4. لڑکیوں کی تعلیم اور خواتین کی خواندگی کے فروغ کے حوالے سے پوسٹرز، بینرز اور پیغامات آویزاں کریں۔
5. طلبہ و طالبات میں صنفی مساوات، تعلیم اور خواندگی کی افادیت کے بارے میں شعور اجاگر کریں۔
6. عالمی یومِ خواندگی کو محض ایک دن کی تقریب کے بجائے تعلیم کے فروغ کے عزم کی تجدید کے طور پر منائیں۔

تمام سکول سربراہان اس بات کو یقینی بنائیں کہ مذکورہ سرگرمیاں 8 ستمبر 2026 کے موقع پر منعقد کی جائیں اور ادارے میں خواندگی، بالخصوص لڑکیوں اور خواتین کی تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے۔

خیر اندیش

ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز)